**وضاحت:** کسی بھی چیز کو بلاضرورت و بے فائدہ خرچ کرنا **اِسراف** کہلاتا ہے۔ مثلاً فضول خرچی کرنا جیسے ❁ لائٹیں ❁ پنکھے ❁ اے سی وغیرہ چلتے چھوڑ دینا ❁ جہاں ایک لائٹ سے کام چل سکتا ہو وہاں 2 یا زیادہ لائٹیں جلانا ❁ ضرورت سے زیادہ پانی گرانا ❁ قابلِ استعمال اشیاء مثلاً: ہڈی کے ساتھ بوٹی لگی ہو، بغیر صاف کیے پھینک دینا، روٹی کے کنارے پھینک دینا وغیرہ سب **اِسراف** کی صورتیں ہیں۔

## آیتِ مبارکہ

وَ لَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ ۟ (پارہ:8، الانعام:141)

**تَرجَمۂ کنزُالعرفان:** اور فضول خرچی نہ کرو بیشک وہ فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔

## فرامینِ آخری نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم

❁ جو میانہ روی اختیار کرتا ہے، اللہ پاک اسے مالدار بنا دیتا ہے، **جو فضول خرچی کرتا ہے، اللہ پاک اسے فقیر کر دیتا ہے۔**[1] ❁ بیشک اللہ پاک 3 کاموں کو پسند نہیں فرماتا: ❋.. فضول باتیں ❋.. **مال ضائع کرنا** اور ❋.. بہت زیادہ سوال کرانا۔[2] یعنی بلاضرورت لوگوں سے مانگنا یا ہر شرعی حکم کی وجہ پوچھنا اور عمل نہ کرنا۔[3]

**پیارے اسلامی بھائیو!** قیامت کے دن ہر نعمت کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ ایک محتاج شخص نے نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں عرض کی: یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم! کیا مجھ پر بھی کوئی نعمت ہے (جس کے متعلق مجھ سے پوچھا جائے گا)؟ فرمایا: ہاں، سایہ، جوتے اور ٹھنڈا پانی تمہیں بھی میسر ہے، روزِ قیامت ان کے متعلق پوچھا جائے گا۔[4]

---

1 ... کنز العمال، کتاب الاخلاق، الاقتصاد والرفق فی المعیشۃ، جز:3، جلد:2، صفحہ:24، حدیث:5434۔
2 ... بخاری، کتاب الزکاۃ، باب قول اللہ تعالی لَا یَسْـَٔلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ؕ، صفحہ 412، حدیث:1477۔
3 ... مرآۃ المناجیح، جلد:6، صفحہ:518، ملخصاً۔
4 ... تفسیر الدر المنثور، پارہ:30، سورۂ تکاثر، زیرِ آیت:8، جلد:8، صفحہ:619۔

## اِسراف کے مُتَعلِّق مختلف اَحکام

(1): اسراف (یعنی فضول خرچی) مذموم (بری) ہے۔[1] (1): 2صورتوں میں اِسراف ناجائز و گُناہ ہے: (ا): ایک (یہ) کہ کسی گُناہ کے کام میں خَرْچ کرنا۔ مثلاً: شراب نوشی، جوا، گانے باجوں میں مال خرچ کرنا (۲): بے کار مَحْض مال ضائع کرنا۔ مثلاً: بچاہوا کھانا پھینک دینا، بغیر ضرورت پنکھے، لائٹیں، نل وغیرہ چلتی چھوڑ دینا۔[2] (3): مسجد یا مدرسہ کے پانی سے وضو کرتے وقت پانی زیادہ خرچ کرنا حرام ہے۔[3]

## اسراف کے نقصانات

۞ اِسراف تنگدستی کا سبب ہے کہ جو اللہ پاک کی نعمت کی قدر نہیں کرتا، اس سے وہ نعمت چھین لی جاتی ہے ۞ اِسراف کرنا شیطانی کام ہے ۞ اِسراف کرنے والے کو شیطان کا بھائی کہا گیا ہے۔[4] ۞ اِسراف کرنے والا اللہ پاک کو پسند نہیں ۞ قیامت کے دن اِسراف کا حساب دینا پڑے گا۔

## اِسراف سے بچنے کے طریقے

۞ اِسراف کے اَنْجام پر غَور کیجئے کہ نِعْمَت کی بے قدری کرنے کی وجہ سے اگر وہ نِعْمَت ہم سے چھین لی گئی تو کیسی مُشْکِل پیش آئے گی ۞ عِلْمِ دِین حاصِل کیجئے تاکہ جہالت کے سبب ہونے والے اِسراف سے مَحْفُوظ رہیں ۞ نعمتوں کی قدر دل میں بڑھایئے اور احساس پیدا کیجئے! بعض اوقات غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے اِسراف کے گناہ میں مبتلا ہو رہے ہوتے ہیں ۞ عاجزی اِخْتیار کیجئے ۞ مَوت کو کثرت سے یاد کیجئے! اِنْ شَآءَ اللّٰهُ الْكَرِیْم! دل سے دنیا کی مَحبّت دُور ہو گی، گُناہوں سے بچنے اور نیکیاں کرنے کا ذِہن بنے گا۔

---

1 ... فتاوی رضویہ، جلد: 1، صفحہ: 984، بتغیر قلیل۔

2 ... فتاویٰ رضویہ، جلد: 1، صفحہ: 940، بتغیر قلیل۔

3 ... فتاوی رضویہ، جلد: 1، صفحہ: 658، ماخوذاً، رضا فاونڈیشن۔

4 ... پارہ: 15، سورۂ بنی اسرائیل، آیت: 27۔

